© rasailojaraid.com

# اللہ کی یاد میں

## مصلح

اللہ اللہ کس قدر پیارا ہے نام اللہ کا
ہائے ہائے کیا رسیلا ہے کلام اللہ کا

بندگی کا حق نہ ہم سے ہو سکا کوئی ادا
آہ ہم سے ہو سکا کوئی نہ کام اللہ کا

میں سنے جاؤں سنائے جا تو بس اے خوشنوا
ذکر تیرا ہو مکرر صبح و شام اللہ کا

دیکھیے اہل نظر اے چشم بینا دیکھ تو!!
ہائے ہائے کس قدر جلوہ ہے عام اللہ کا

لاکھ مجنوں کوئی ہو پھر بھی ہے عشق ناتمام
کیا بتائیں ہوگا کیا حسنِ تمام اللہ کا

چوم لوں میں اس زباں کو چوم لوں اس لب کو
جس زباں جس لب پہ جاری ہو کلام اللہ کا

رشک کے قابل ہے مصلح اپنا وقت آخری
دل میں یاد اللہ کی ہو لب پہ نام اللہ کا

© rasailojaraid.com